نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, Fax No.042/99202911 E.mail:ziratnama@hotmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

صوبائی وزیر زراعت سید حسین جہانیاں گردیزی کی زیر صدارت محکمہ لائیوسٹاک وڈیری ڈویلپمنٹ کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس کا انعقاد۔اجلاس میں وزیر لائیوسٹاک وڈیری ڈویلپمنٹ سردار حسنین بہادر دریشک اور سیکرٹری لائیو اسٹاک وڈیری ڈویلپمنٹ پنجاب سید نوید شیرازی کی شرکت

محکمہ لائیوسٹاک ڈیری بزنس کی افادیت کے پیش نظر اسے کمرشل بنیادوں پر آگے بڑھائے۔ صوبائی وزیر زراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی

لاہور05 جنوری2022: صوبائی وزیر زراعت سید حسین جہانیاں گردیزی کی زیر صدارت محکمہ لائیوسٹاک وڈیری ڈویلپمنٹ کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس بفیلو ریسرچ انسٹیٹیوٹ پتوکی میں منعقد ہوا جس میں صوبائی وزیر لائیوسٹاک وڈیری ڈویلپمنٹ سردار حسنین بہادر دریشک، سیکرٹری لائیو اسٹاک وڈیری ڈویلپمنٹ پنجاب سید نوید شیرازی اور وزیر اعلیٰ سپیشل مانیٹرنگ یونٹ کے سربراہ فیصل آصف کے علاوہ دیگر اعلیٰ افسران نے شرکت کی۔اس موقع پر صوبائی وزیر زراعت سید حسین جہانیاں گردیزی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ محکمہ لائیوسٹاک ڈیری بزنس کی افادیت کے پیش نظر اسے کمرشل بنیادوں پر آگے بڑھائے۔انہوں نے محکمہ کو اپنے پراجیکٹس کے دائرہ کار کو اپ سکیل کرنے کی ہدایت کی تاکہ پنجاب میں مویشی پالنے والے فارمرز اس سے زیادہ سے زیادہ مستفید ہوسکیں۔صوبائی وزیر زراعت نے محکمہ لائیوسٹاک کی جدید ان وٹرو فرٹیلائزیشن (آئی وی ایف) ٹیکنالوجی کے تحت پنجاب میں جانوروں کے بانجھ پن کو دور کرنے میں کامیابی کے عمل کو سراہا۔انہوں نے محکمہ لائیوسٹاک کو اپنی موجودہ لیبز کی اپ گریڈ کرنے کے احکامات جاری کیے جس سے ان کی استعداد کار میں اضافے کے ساتھ ساتھ ڈیری پروڈکٹس باہر کے ملکوں کو برآمد کی جاسکے گی۔چھوٹے جانوروں کے برڈنگ پروسس کو بدلنے کی طرف توجہ مرکوز رکھنے کی ضرورت ہے۔صوبائی وزیر نے کہا کہ سی پیک کے تحت پنجاب میں جاری منصوبوں کو ڈویلپمنٹ کے ساتھ منسلک کرکے متعین مقاصد کا حصول بنایا جاسکتا ہے۔سید حسین جہانیاں گردیزی نے مزید کہا ہے کہ محکمہ پر اپنی ترجیحات کو سامنے رکھتے ہوئے جانوروں کی مقامی ویکسین کو بین الاقوامی معیار کے مطابق تیار کرنے اور چھوٹے جانوروں کے برڈنگ پروسس میں نمایاں تبدیلیاں لانے پر زور دیا۔اس موقع پر صوبائی وزیر لائیوسٹاک وڈیری ڈویلپمنٹ سردار حسنین بہادر دریشک نے کہا کہ عملی افادیت کے پروگراموں کے آغاز سے ہی محکمہ لائیوسٹاک اپنے طے شدہ اہداف کو حاصل کرسکتا ہے۔حکومت ویٹری یونیورسٹی ڈی جی خان کیلئے قابل اور اہل وائس چانسلر کی تعیناتی کو یقینی بنائے۔انہوں نے کہا کہ محکمہ لائیوسٹاک کو اپنی پالیسیوں میں تسلسل، استعداد کار بڑھانے اور لینڈ کے بہتر استعمال کی طرف توجہ مرکوز کرنے کی ضرورت ہے۔اجلاس میں چیف ریسرچ آفیسر ڈاکٹر محمود اعجاز گورسی نے شرکاء کو ادارہ کے اہم اقدامات، غذائی اصلاحات، انفراسٹرکچر و ہیومین ڈویلپمنٹ، سالانہ ڈویلپمنٹ پروگرام، ڈویلپمنٹ حکمت عملی اور بڑے پراجیکٹس پر کام کی رفتار اور ڈویلپمنٹ سٹراٹیجی پر تفصیلی بریفنگ دی۔

☆☆☆☆☆